




حیسکو پریس ریلیز مورخہ 04.09.2026:

بجلی چور ہمارا دشمن ہے، ہماری تمام تر توجہ بجلی چوروں کا مکمل خاتمہ کرنے اور نادہندگان سے 100% واجبات کی وصولی کرنا ہے، حیسکو انتظامیہ کا ڈی ایس یو کی مدد سے بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف ریجن بھر کی مختلف سب ڈویژن حسین آباد، ٹنڈو جام، سٹیزن، میمن، ٹھٹھہ، بدین، ٹنڈو آدم (ون)، ٹنڈو آدم (ٹو) اور سیٹلائٹ ٹاؤن میں کارروائیاں کی گئیں، ریجن بھر میں 363 غیر قانونی کنکشن منقطع کیے، 45 عدد میٹر اتار لیے گئے، 2590 میٹر غیر قانونی تار کاٹ کر تحویل میں لی گئی جبکہ واجبات کی مد میں 37 لاکھ زائد کے وصولی کی گئی۔ حیسکو ترجمان۔

19 جنوری 2025 سے جاری آپریشن کے دوران اب تک 70845 غیر قانونی کنکشن منقطع کیے جا چکے ہیں جبکہ 1050 ملزمان گرفتار کیا گیا، 3431 عدد الیکٹرک میٹر منقطع کیے گئے، 394623 میٹر پی وی سی منقطع کی گئی ہے، 866 ٹرانسفارمرز منقطع کیے گئے ہیں، جبکہ واجبات میں سے 1 ارب 45 کروڑ 37 لاکھ 3 ہزار سے زائد ریکوری کیے گئے ہیں۔ حیسکو ترجمان

حیدرآباد (پ ر) حیسکو ترجمان کے مطابق چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی ہدایت پر بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری ہیں، بجلی چوری کا مکمل خاتمہ کرنے اور نادہندگان سے 100% واجبات کی وصولی کرنا ہے، حیسکو انتظامیہ کا ڈی ایس یو (ڈسکو سپورٹنگ یونٹ) کی مدد سے بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف ریجن بھر کی مختلف سب ڈویزن حسین آباد، ٹنڈو جام، سٹیزن، میمن، ٹھٹھہ، بدین، ٹنڈو آدم (ون)، ٹنڈو آدم (ٹو) اور سیٹلائٹ ٹاؤن میں کارروائیاں کی گئیں، ریجن بھر میں 363 غیر قانونی کنکشن منقطع کیے، 45 عدد میٹر اتار لیے گئے، 2590 میٹر غیر قانونی تار کاٹ کر تحویل میں لی گئی جبکہ واجبات کی مد میں 37 لاکھ زائد کے وصولی کی گئی، 19 جنوری 2025 سے جاری آپریشن کے دوران اب تک 70845 غیر قانونی کنکشن منقطع کیے جا چکے ہیں جبکہ 1050 ملزمان گرفتار کیا گیا، 3431 عدد الیکٹرک میٹر منقطع کیے گئے، 394623 میٹر پی وی سی منقطع کی گئی ہے، 866 ٹرانسفارمرز منقطع کیے گئے ہیں، جبکہ واجبات میں سے 1 ارب 45 کروڑ 37 لاکھ 3 ہزار سے زائد ریکوری کیے گئے ہیں، تفصیلات کے مطابق ایس ای آپریشن سرکل حیدرآباد سرکل عقیل نور میمن کی ہدایت پر ڈویزن لطیف آباد (ٹو) کی سب ڈویزن حسین آباد، ڈویزن ٹنڈو الہیار کی سب ڈویزن ٹنڈو جام اور ڈویزن قاسم آباد کی سب ڈویزن سٹیزن میں کارروائیوں کے دوران 165 غیر قانونی کنکشن منقطع، 4 عدد الیکٹرک میٹر منقطع کر دئے گئے، 620 میٹر غیر قانونی تار کاٹ کر تحویل میں لی گئی جبکہ واجبات کی مد میں 8 لاکھ سے زائد ریکوری کی گئی، ایس ای آپریشن سرکل لاڑ سہیل احمد شیخ کی ہدایت پر ڈویزن پھلیلی کی سب ڈویزن میمن، ڈویزن ٹھٹھہ کی سب ڈویزن ٹھٹھہ اور ڈویزن بدین کی سب ڈویزن بدین میں کارروائیوں کے دوران 98 غیر قانونی کنکشن منقطع، 6 عدد الیکٹرک میٹر منقطع کر دئے گئے، 565 میٹر غیر قانونی تار کاٹ کر تحویل میں لی گئی جبکہ واجبات کی مد میں 17 لاکھ سے زائد ریکوری کی گئی، ایس ای آپریشن سرکل نواب شاہ گلزار احمد دستی کی ہدایت پر ڈویزن ٹنڈو آدم کی سب ڈویزن ٹنڈو آدم (ون) اور ٹنڈو آدم (ٹو) میں کارروائیوں کے دوران 40 غیر قانونی کنکشن منقطع، 35 عدد الیکٹرک میٹر منقطع کر دئے گئے، 405 میٹر غیر قانونی تار کاٹ کر تحویل میں لی گئی جبکہ واجبات کی مد میں 8 لاکھ سے زائد ریکوری کی گئی، ایس ای آپریشن سرکل میر پور خاص سرکل فرمان علی ڈاہانی کی ہدایت پر ڈویزن میر پور خاص کی سب ڈویزن سیٹلائٹ ٹاؤن میں کارروائیوں کے دوران 60 غیر قانونی کنکشن منقطع، 1000 میٹر غیر قانونی تار کاٹ کر تحویل میں لی گئی جبکہ واجبات کی مد میں 2 لاکھ سے زائد ریکوری کی گئی، واضح رہے کہ حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی ہدایات پر نادہندگان اور بجلی چوروں کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری ہیں واجبات کی 100 فیصد وصولی یقینی بنائیں اور صارفین اپنے ذمہ بجلی کے واجبات فوری ادا کریں بصورت دیگر بجلی منقطع کی جائے گی اور قانونی کارروائی عمل میں لاتے ہوئے صارف کی گرفتاری عمل میں لائے جائے گی اور بجلی چوری کرنے والا ملک وقوم کا مجرم ہے لہٰذا کسی بھی صورت نہیں چھوڑا جائے گا، اس کے ساتھ ساتھ مختلف سب ڈویزنوں نے اپنے اپنے علاقوں میں بلوں کی ادائیگی کے لیے اعلانات کا سلسلہ بھی جاری رکھا ہوا ہے، حیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے اپیل کرتی ہے کہ بجلی کے بل بروقت جمع کروائیں اور اپنے ذمہ بجلی کے واجبات فوری طور پر ادا کریں بصورت دیگر رینجرز، پولیس اور حساس ادارے اس صارف کو پکڑے گے تو وہ خود اس ذمیدار ہوگا ہماری کاروائیاں بلاتفریق جاری ہیں اور بجلی چوری کے خاتمے تک جاری رہیں گے، بجلی چور ملک، قوم اور حیسکو کی ترقی میں رکاوٹ ہیں، عوام کھلی کچہریوں میں بھرپور آئیں اور اپنے جائز مسائل حل کرائیں، اسکے ساتھ عوام کو چاہیے کہ واجبات کی ادائیگی مقررہ وقت پر کی جائے تاکہ بجلی کی فراہمی میسر ہو سکے، بصورت دیگر بجلی منقطع کرنے کے علاوہ سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری نے صارفین سے اپیل کی ہے کہ عوام بجلی چوری کرنے والوں کے خلاف حیسکو کا ساتھ دیں تاکہ اس برائی کو مکمل ختم کیا جا سکے، بجلی کے بل بروقت ادا کریں تاکہ حیسکو آپ کو مزید بجلی کی بہتر سروس فراہم کر سکے، کیونکہ حیسکو ایک کمرشل ادارہ ہے، جو بجلی کی بلوں کی ادائیگی کے بغیر اپنا نظام نہیں چلا سکتا۔ آپ کے تعاون کے متمنی حیسکو۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو فیض اللہ ڈاہری کی ہدایت پر ڈی ایس یو (ڈسکو سپورٹنگ یونٹ) کی مدد سے بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری